© rasailojaraid.com



جناب شفیق الدین فاروقی

# دار العلوم کے شب وروز

## دار العلوم کے نئے تعلیمی سال ۳۱-۱۴۳۰ھ ۱۰-۲۰۰۹ء کے داخلوں کا شیڈول

### درس نظامی

| درجات | ایام | تاریخ |
|---|---|---|
| تمام درجات کے قدیم طلباء (اعدادیہ تا دورہ حدیث) | بدھ | ۹شوال ر 30 ستمبر ۲۰۰۹ء |
| قدیم فارموں کی پڑتال | جمعرات | ۱۰شوال ر 01 اکتوبر ۲۰۰۹ء |
| تعطیل | جمعہ | ۱۱رشوال ۔ 02اکتوبر ۲۰۰۹ |
| جدید دورہ حدیث | ہفتہ | ۱۲ رشوال 03اکتوبر ۲۰۰۹ء |
| جدید دورہ حدیث | اتوار | ۱۳رشوال 04 اکتوبر ۲۰۰۹ء |
| موقوف علیہ۔ تکمیل | پیر | ۱۴رشوال 05 اکتوبر ۲۰۰۸۹ء |
| سادسہ۔ خامسہ۔ رابعہ | منگل | ۱۵رشوال 06 اکتوبر ۲۰۰۹ء |
| ثالثہ۔ ثانیہ۔ اولیٰ۔ متوسطہ۔ اعدادیہ | بدھ | ۱۶رشوال 07 اکتوبر ۲۰۰۹ء **افتتاح** |

### شعبہ حفظ

درجہ حفظ میں داخلہ کے خواہشمند طلباء کی درخواستیں ۱۵ رمضان سے ۱۵ شوال تک دفتر اہتمام میں جمع کی جائیں گی۔ حفظ کے خواہشمند طلباء ٹیسٹ اور انٹرویو وغیرہ کیلئے 06-07 ر اکتوبر بروز منگل و بدھ صبح 9:00 کو دار العلوم حقانیہ بلائیں گے۔ (امسال شعبہ حفظ کا داخلہ دار العلوم حقانیہ کی تعلیمی کمیٹی اور دار الحفظ کے اساتذہ کی مشترکہ نگرانی میں ہوگا)۔ صرف وہ امیدوار درخواست دیں جو قرآن ناظرہ سے پڑھ چکے ہوں۔ عمر ۱۳ سال سے متجاوز نہ ہو۔ دو پارے پہلے سے یاد کرنے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔

### درجہ تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء و تخصص فی الحدیث

درجہ تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتا وتخصص فی الحدیث کیلئے داخلہ درخواست ۹رشوال 30ر ستمبر تا ۱۴رشوال 5ر اکتوبر اور امتحان بروز پیر ۱۴رشوال بمطابق 05ر اکتوبر صبح 10 بجے ہوگا۔

**نوٹ: ۱** (ا) تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء کا دورانیہ 2 سال ہوگا۔

**نوٹ: ۲** امسال درجہ اعدادیہ سے لیکر بشمول درجہ سادسہ اسباق اردو میں بھی پڑھائے جائیں گے۔ لہٰذا اردو زبان سمجھنے والے طلباء کرام داخلہ لے سکتے ہیں۔ درجہ متوسطہ میں وہ طلباء داخلہ لینگے جو کہ ساتویں جماعت پاس ہو۔

**نوٹ: ۳** حسب سابق دار العلوم حقانیہ کے کتب میں داخل شدہ طلباء میں جو طلباء قراۃ والتجوید میں داخلہ لیں گے مقررہ اوقات میں قراۃ وتجوید پڑھایا جائے گا اور آخر میں کامیاب طلباء کو سند دی جائے گی۔

(دار العلوم حقانیہ کے نئے تعلیمی سال کا باضابطہ آغاز ان شاء اللہ 07 ر اکتوبر ۲۰۰۹ء بروز بدھ ہوگا)



© rasailojaraid.com